

اليف لامير

تمام فرسودہ اور بیہودا عاشقوں
کے لئے عارفانہ کلام
کا ایک مجموعہ۔

جگییا

فہرست

۱۷. می رقصم	خواجہ عثمان ہارونی
۱۸. بے خود	بیدم شاہ وارثی
۱۹. بلھا کی جانا میں کون	سید عبداللہ شاہ قادری شطاری "بلھے شاہ"
۲۰. ہلکا ہلکا سرور ہے	انور جوگی
۲۱. میرا پیا گھر آیا	بلھے شاہ
۲۲. پڑھ پڑھ عالم فاضل ہویا	بابا بلھے شاہ
۲۳. زہر ویکھ کے پینا	بابا بلھے شاہ
۲۴. جب عشق سکھاتا ہے	علامہ محمد اقبال
۲۵. سر لامکاں سے طلب ہوئی	عنبر شاہ وارثی
۲۶. چشم مست عجیبے	امیر خسرو
۲۷. ساقی نے جسے چاہا	بیدم شاہ وارثی
۲۸. سراپا	جگر مرادآبادی
۲۹. نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں	مضطر خیرآبادی
۳۰. نایاب ہیں ہم	شاد عظیم آبادی

از لب ملیح تو شورے به جهان کردی
هر زخمی بسمل را مصروف فغان کردی

بے جرم خطا قتلم از ناز بتان کردی
تو تیغ زدی بر من نام دیگران کردی

مدهوش بایک ساغر پیر مغان کردی
دل بردی و جان بردی تاب توان کردی

تو آئینه رو بودی تو آئینه بے تو
این طرفه تماشایی در بزم جهان کردی

شد جامی بے چاره از عشق تو آواره
آواره غربت را در خاک نهان کردی

میرے نبی کی بات نہ پوچھو
میرا اپنا ہریالا ہے
خسرو خوباں، سرور عالم
تاج شفاعت والا ہے

حسن کی ہر چھب اسی کے دم سے، رونق عالم اسی کے قدم سے
نور کے سانچے میں قدرت نے اس کو کچھ ایسا ڈھالا ہے

پھیلا ہوا ہے دامن کتنی خوش قسمت ہے یہ امت
سارے گناہ گاروں پر اس نے کملی کا پردہ ڈالا ہے

دیکھو اسی کے نور سے دو جگ جگ مگ جگ مگ جگ مگ جگ مگ
اسی کے رخ روشن ہی تو یہ سارا اجیالا ہے

مے سے بھرے پیمانے ہیں یا مستقلاً مے خانے ہیں
آنکھوں میں آنکھیں میرے نبی کی کون ایسا متوالا ہے

نبی ولی سب اس کے براتی، لیکن ہیں اسی کی بات ہے آقی
کامل میرا راج دلارا، سب سے ارفع و اعلیٰ ہے

تنم فرسوده جاں پارہ ز ہجراں یا رسول اللہ
دلم پر درد آوارہ ز عصیاں یا رسول اللہ

شبے خوردم از ناشکیبائی ز حد گشتم تمنائی
بخلوت سوئے من آئی خراماں یا رسول اللہ

چوں سوئے من گذر آری من مسکیں ز ناداری
فدائے نقش نعلینت کنم جاں یا رسول اللہ

ز کردہ خویشتن حیرانم سیاہ شد روز عصیانم
پشیمانم پشیمانم پشیماں یا رسول اللہ

ز پا افتادم از پیری برحمت دست من گیری
ہمیں یک حرف بپذیری ز ناداں یا رسول اللہ

ز جام حب تو مستم بہ زنجیر تو دل بستم
نمی گویم کہ من ہستم سخنداں یا رسول اللہ

بصدیقؓ خریدارم عمرؓ را دوست میدارم
فدا سازم دل و جاں را بعثمانؓ یا رسول اللہ

نہادم پیش گاہے سر بپائے ساقیؓ کوثر
اماماں را غلام چاکر با ایماں یا رسول اللہ

بوقت نزع درمانم رود از تن بروں جانم
نگاہ داری تو ایمانم ز شیطاں یا رسول اللہ

چوں بازوئے شفاعت را کشائی بر گنہ گاراں
مکن محروم جامی را دراں آں یا رسول اللہ

نمی دانم چہ منزل بود شب جائے کہ من بودم
بہ ہر سو رقص بسمل بود شب جائے کہ من بودم

پری پیکر نگارے سرو قدے لالہ رخسارے
سراپا آفت دل بود شب جائے کہ من بودم

رقیباں گوش بر آواز او در ناز و من ترساں
سخن گفتن چہ مشکل بود شب جائے کہ من بودم

خدا خود میر مجلس بود اندر لا مکاں خسرو
محمد شمع محفل بود شب جائے کہ من بودم

مرا از آتش عشق تو دامن سوخت اے خسرو
محمد شمع محفل بود شب جائے کہ من بودم

۵

- بوعلی شاہ

منم محو جمال او نمی دانم کجا رفتم
شدم غرق وصال او نمی دانم کجا رفتم

غلام روئے او بودم اسیر موئے او بودم
غبار کوئے او بودم نمی دانم کجا رفتم

بہ آں مہ آشنا گشتم ز جان و دل فدا گشتم
فنا گشتم فنا گشتم نمی دانم کجا رفتم

شدم چوں مبتلائے او نہادم سر بہ پائے او
شدم محو لقائے او نمی دانم کجا رفتم

قلندر بوعلی ہستم بہ نام دوست سرمستم
دل اندر عشق او بستم نمی دانم کجا رفتم

زحالِ مسکیں مکن تغافل دورائے نینا بنائے بتیاں
کہ تاب ہجراں ندارم اے جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں

شباں ہجراں دراز چوں زلف و روز وصلت چوں عمر کوتاہ
سکھی پیا کو جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں

یکایک از دل دو چشم جادو بصد فریبم ببرد تسکیں
کسے پڑی ہے جو جا سناوے پیارے پی کو ہماری بتیاں

چوں شمع سوزاں چوں ذرہ حیراں ز مہر آں مہ بگشتم آخر
نہ نیند نیناں نہ انگ چیناں نہ آپ آوے نہ بھیجے پتیاں

بحق آں مہ کہ روز محشر بداد مارا فریب خسرو
سپیت من کو دورائے راکھوں جو جائے پاؤں پیا کی کھتیاں

رومی -

هر لحظه به شکل آن بت عیار برآمد
دل برد و نهان شد
هر دم به لباس دگر آن یار برآمد
گه پیر و جوان شد

خود کوزه و خود کوزه گر و خود گل کوزه، خود رند سبوکش
خود بر سر آن کوزه خریدار برآمد، بشکست روان شد
نی نی که هم او بود که می آمد و می رفت، هر قرن که دیدی
تا عاقبت آن شکل عرب وار برآمد، دارای جهان شد
نی نی که هم او بود که می گفت اناالحق، در صورت منصور
منصور نه بود آن که بر آن دار برآمد، نادان به گمان شد
رومی سخن کفر نه گفته است نه گوید، منکر نشویدش
کافر شده آن کس که به انکار برآمد، مردود جهان شد

تو کریمی، من کمینه بردہ ام
لیکن از لطف شما پروردہ ام

زندگی آمد برائے بندگی
زندگی بے بندگی شرمندگی

یاد اے او سرمایہ ایمان بود
ہر گدا از یاد او سلطان بود

سید و سرور محمد نور جان
مہتر او بہتر شفیع مجرمان

چون محمد پاک شد از نار او دور
ہر کجا روح کرد وجہ اللہ بود

شہباز لامکانی جان او
رحمت اللعالمین در شان او

مہترین او بہترین انبیاء
جز محمد نیست در ارض و سماں

آن محمد یصیر حامد او محمود شد
شکل عابد، صورت معبود شد

اولیاء اللہ و اللہ اولیاء
یعنی دید پیر دید کبریاء

ہر کہ پیر و ذات حق را یک نہ دید
نے مرید او نے مرید او نے مرید

مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم
تا غلام شمس تبریزی نہ شد

رومی -

نہ من بیہودہ گردہ کوچہ و بازار می گردم
مذاق عاشقی دارم پئے دیدار می گردم

خدایا رحم کن بر من پریشان وار می گردم
خطا کارم گنہ گارم بہ حال زار می گردم

شراب شوق می نوشم بگرد یار می گردم
سخن مستانہ می گویم ولے ہشیار می گردم

ہزاران غوطہ ہا خوردم درین دریائے بے پایان
برائے گوہر معنی بہ دریا فقری گردم

گہے خندم گہے گریم گہے افتم گہے خیزم
مسیحا در دلم پیدا و من بیمار می گردم

بیا جانان عنایت کن تو مولانائے رومی را
غلام شمس تبریزم قلندر وار می گردم

- خسرو

من کنت مولا
فہذا علی مولا

دارا دل دارا دل در دای
ہم تم تنانانانانا رے
یلالی یلالی
یلالی یلالی یالالی

من کنت مولا
فہذا علی مولا

حیدریم قلندرم مستم
بندہ مرتضیٰ علی ہستم
جام مہر علی ز در دستم
بعد از جام خوردم مستم
کمر اندر قلندر بستم
از دل پاک حیدری ہستم

حیدریم قلندرم مستم
بندہ مرتضیٰ علی ہستم
از مے عشق شاہ سرمستم
بندہ مرتضیٰ علی ہستم
من بغیر علی نہ دانستم
علی ولی اللہ از ازل گفتم

حیدریم قلندرم مستم
بندہ مرتضیٰ علی ہستم
غیر حیدری ہمی اگر دانی
کافری و یہودی و نصرانی
بہشت ایمان علی قمبرانی
بیایدی کہ این مسلمانی

حیدریم قلندرم مستم
بندۂ مرتضی علی ہستم
سرگروہ تمام رندانی
رہبر سالکم عارفانی
یار عاشقانم مستانم
کہ سگ کوئے شیر یزدانی

حیدریم قلندرم مستم
بندۂ مرتضی علی ہستم
نہ اسیر کہ حشمت و جاہش
منم عثمان مروندی بندہ درگاہش
ہر زمان آہ بست حال ما آگاہش
بو عاشقی بود سرا خواہش

حیدریم قلندرم مستم
بندۂ مرتضی علی ہستم

خسرو -

اپنی چھوی بنا کے جو میں پی کے پاس گئی
جب چھوی دیکھی پیہو کی تو اپنی بھول گئی

چھاپ تلک سب چھینی رے موسے نینا ملا کے
بات ادھم کہہ دینی رے موسے نینا ملا کے

بل بل جاؤں میں تورے رنگ رجوا
اپنی سی رنگ دینی رے موسے نینا ملا کے

پریم بھٹی کا مدوا پلا کے
متواری کر دینی رے موسے نینا ملا کے

گوری گوری بنیاں ہری ہری چوڑیاں
بنیاں پکڑ دھر لینی رے موسے نینا ملا کے

خسرو نجام کے بل بل جئیے
موہے سہاگن کینہی رے موسے نینا ملا کے

آج رنگ ہے اے مہا رنگ ہے ری
آج رنگ ہے اے مہا رنگ ہے ری
میرے محبوب کے گھر رنگ ہے ری
موہے پیر پایو نظام الدین اولیا
نظام الدین اولیا علاؤ الدین اولیا
علاؤ الدین اولیا فرید الدین اولیا
فرید الدین اولیا قطب الدین اولیا
قطب الدین اولیا معین الدین اولیا
معین الدین اولیا محی الدین اولیا
آ محی الدین اولیا محی الدین اولیا
وہ تو جہاں دیکھو مورے سنگ ہے ری
ارے اے ری سکھی ری
وہ تو جہاں دیکھو مورے سنگ ہے ری
موہے پیر پایو نظام الدین اولیا
آہے آہے آہے وا
منہ مانگے بر سنگ ہے ری
وہ تو منہ مانگے بر سنگ ہے ری
نظام الدین اولیا جگ اجیارو
جگ اجیارو جگت اجیارو
وہ تو منہ مانگے بر سنگ ہے ری

گنج شکر مورے سنگ ہے ری
میں تو ایسو رنگ اور نہیں دیکھو سکھی ری
میں تو ایسی رنگ دیس بدیس میں ڈھونڈ پھری ہوں
دیس بدیس میں
آہے آہے آہے وا
اے تورا رنگ من بھایو نجام الدین
منہ مانگے بر سنگ ہے ری
سجن ملوارا اس آنگن میں
اس آنگن میں اس آنگن میں
ارے اس آنگن میں وہ تو اس آنگن میں
ارے وہ تو جہاں دیکھو مورے سنگ ہے ری
آج رنگ ہے اے مہا رنگ ہے ری
اے تورا رنگ من بھایو نجام الدین
میں تو تورا رنگ من بھایو نجام الدین
منہ مانگے بر سنگ ہے ری
میں تو ایسو رنگ اور نہیں دیکھی ری
اے محبوب الہٰی میں تو ایسو رنگ اور نہیں دیکھی
دیس بدیس میں ڈھونڈ پھری ہوں
آج رنگ ہے اے مہا رنگ ہے ری
میرے محبوب کے گھر رنگ ہے ری

غم سبھی راحت و تسکیں میں ڈھل جاتے ہیں
جب کرم ہوتا ہے حالات بدل جاتے ہیں

ان کی رحمت سے خطا پوش گنہ گاروں کی
کھوٹے سکے سر بازار بھی چل جاتے ہیں

اسم احمد کا وظیفہ ہے ہر ایک غم کا علاج
لاکھ خطرے ہوں اسی نام سے ٹل جاتے ہیں

اپنی آغوش میں لے لیتا ہے جب ان کا کرم
زندگی کے سبھی انداز بدل جاتے ہیں

کوئی دیکھے تو سہی ان کی دہائی دے کر
عشق صادق ہو تو پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

رکھ ہی لیتے ہیں بھرم ان کے کرم کے صدقے
جب کسی بات پہ دیوانے مچل جاتے ہیں

آ پڑے ہیں تیرے قدموں میں یہ کہہ کر ہم سبھی
لو ترے قدموں میں گرتے ہیں سنبھل جاتے ہیں

آپ کو کعبہ مقصود ہی مانو خالد
آپ کے در پہ سب ارمان نکل جاتے ہیں

بلغ العلی بکماله
کشف الدجی بجماله
حسنت جمیع خصاله
صلوا علیه وآله

امیر خسرو -

گھر ناری گنواری چاہے جو کہے
میں نجام سے نینا لگا آئی رے
سوہنی صورت موہنی مورت
میں تو ہردے بیچ سما آئی رے
خسرو نجام کے بل بل جئیے
میں تو انمول چیری کہا آئی رے

نمی دانم که آخر چون دم دیدار می رقصم
مگر نازم به آن ذوقی که پیش یار می رقصم

تو هر دم می سرائی نغمه و هر بار می رقصم
به هر طرزی که می رقصانی ام ای یار می رقصم

سراپا بر سراپای خودم از بی خودی قربان
بگرد مرکز خود صورت پرکار می رقصم

خوشا رندی که پامالش کنم صد پارسائی را
زهی تقوی که من با جبه و دستار می رقصم

مرا طعنه مزن ای مدعی طرز ادائیم بین
منم رندی خراباتی سر بازار می رقصم

تو آن قاتل ~~[illegible]~~ که از بهر تماشا خون من ریزی
من آن بسمل که زیر خنجر خونخوار می رقصم

بیا جانان تماشا بین که در انبوه جانبازان
بصد سامان رسوائی سر بازار می رقصم

اگرچه قطره شبنم نه پاید بر سر خاری
منم آن قطره شبنم به نوک خار می رقصم

که عشق دوست هر ساعت درون نار می رقصم
گاهی بر خاک می غلتم گاهی بر خار می رقصم

منم عثمان باروی که یار شیخ منصورم
ملامت می کند خلقی و من بر دار می رقصم

بے خود کیے دیتے ہیں انداز حجابانہ
آ دل میں تجھے رکھ لوں اے جلوۂ جانانہ

اتنا تو کرم کرنا اے چشم کریمانہ
جب جان لبوں پر ہو تم سامنے آ جانا

کیوں آنکھ ملائی تھی کیوں آگ لگائی تھی
اب رخ کو چھپا بیٹھے کر کے مجھے دیوانہ

زاہد میرے قسمت میں سجدے ہیں اسی در کے
چھوٹا ہے نہ چھوٹے گا سنگ در جانانان

کیا لطف ہو محشر میں میں شکوے کیے جاؤں
وہ ہنس کے کہے جائیں دیوانہ ہے دیوانہ

ساقی تیرے آتے ہی یہ جوش ہے مستی کا
شیشے پہ گرا شیشہ پیمانے پہ پیمانہ

معلوم نہیں بیدم میں کون ہوں اور کیا ہوں
یوں اپنوں میں اپنا ہوں بیگانوں میں بیگانہ

بلھا کی جاناں میں کون ؟

نہ میں مومن وچ مسیتاں
نہ میں وچ کفر دی ریت آں
نہ میں پاکاں وچ پلیت آں
نہ میں موسیٰ نہ فرعون
بلھا کی جاناں میں کون ؟

نہ میں وچ پلیتی پاکی
نہ میں وچ شادی نہ غمناکی
نہ میں آبی نہ میں خاکی
نہ میں آتش نہ میں پون
بلھا کی جاناں میں کون ؟

نہ میں بھیت مذہب دا پایا
نہ میں آدم حوا جایا
نہ کجھ اپنا نام دھرایا
نہ وچ بیٹھن نہ وچ بھون
بلھا کی جاناں میں کون ؟

اول آخر آپ نوں جاناں
نہ کوئی دوجا ہور پچھاناں
میتھوں ودھ نہ کوئی سیاناں
بلھا اوہ کھڑا ہے کون
بلھا کی جاناں میں کون ؟

چل بلھیا چل اوتھے چلیے جتھے سارے انھے
نہ کوئی ساڈی ذات پچھانے نہ کوئی سانوں منے

انور جوگی -

یہ تو ہلکا ہلکا سرور ہے
یہ تیری نظر کا قصور ہے
کہ شراب پینا سکھا دیا
تیرے پیار نے تیری چاہ نے
تیری بہکی بہکی نگاہ نے
مجھے ایک شرابی بنا دیا
شراب کیسی خمار کیسا؟
یہ سب تمہاری نوازشیں ہیں
پلائی ہے کس نظر سے تو نے
کہ مجھ کو اپنی خبر نہیں ہے
تیری بہکی بہکی نگاہ نے
مجھے اک شرابی بنا دیا
سارا جہاں مست جہاں کا نظام مست
دن مست رات مست سحر مست شام مست
تم مست سبو مست شیشہ مست جام مست
ہے تیری چشم مست سے ہر خاص و عام مست
یوں تو ساقی ہر طرح کی تیرے مے خانے میں ہے
وہ بھی تھوڑی سی جو ان آنکھوں کے پیمانے میں ہے
سب سمجھتا ہوں تیری عشوہ گری اے ساقی
کام کرتی ہے نظر نام ہے پیمانے کا
تیری بہکی بہکی نگاہ نے
مجھے اک شرابی بنا دیا

Scanned with CamScanner

تیرا پیار ہے میری زندگی
تیرا پیار ہے بس میری زندگی
نہ نماز آتی ہے مجھ کو نہ وضو آتا ہے
سجدہ کر لیتا ہوں جب سامنے تو آتا ہے
میں ازل سے بندہ عشق ہوں
مجھے زہد و کفر کا غم نہیں
میرے سر کو در تیرا مل گیا
مجھے اب تلاش حرم نہیں
میری بندگی ہے وہ بندگی
جو بقید دیر و حرم نہیں
میرا اک نظر تمہیں دیکھنا
بخدا نماز سے کم نہیں
قیامت میں تیرا داغ محبت لے کے اٹھوں گا
تیری تصویر اس وقت بھی کلیجے سے لگی ہو گی
تیرا پیار ہے میری زندگی
تیرا پیار ہے میری زندگی
جو تیری خوشی وہ میری خوشی
یہ میرے جنوں کا ہے معجزہ
جہاں اپنے سر کو جھکا دیا
وہاں میں نے کعبہ بنا دیا
میرے بعد کس کو ستاؤ گے؟

دل جلوں سے دل لگی اچھی نہیں
رونے والوں سے ہنسی اچھی نہیں
دل لگی ہی دل لگی میں دل گیا
دل لگانے کا نتیجہ مل گیا
تم کیوں ہنستے ہو؟ تمہیں کیا مل گیا
میرے بعد کس کو ستاؤ گے؟
مجھے کس طرح سے مٹاؤ گے؟
کہاں جا کے تیر چلاؤ گے؟
میری دوستی کی بلائیں لو
مجھے ہاتھ اٹھا کر دعائیں دو
تمہیں ایک قاتل بنا دیا

تجھے دیکھو تو اہش جان جاں
میں وہیں ہوں الور نیم جاں
تمہیں اتنا ہوش تھا جب کہاں
نہ چلاؤ اس طرح تم زباں
کرو میرا شکریہ مہرباں
تمہیں بات کرنا سکھا دیا

یہ جو ہلکا ہلکا سرور ہے
یہ تیری نظر کا قصور ہے
مجھے اک شرابی بنا دیا

گھڑیالی دیئو نکال نی
اج پی گھر آیا لال نی

گھڑی گھڑی گھڑیال بجاوے، رین وصل دی پیا گھٹاوے
میرے من دی بات جے پاوے، ہتھوں چا سٹ گھڑیال نی

انحد واجا وجے سہانا، مطرب سگھڑا تان ترانا
نماز روزہ بھل گیا دوگانا، مدھ پیالہ دین کلال نی

مکھ دیکھن دا عجب نظارا، دکھ دلے دا اٹھ گیا سارا
رین وڈی کیا پسارا، دن اگے دھرو دیوال نی

مینوں اپنی خبر نہ کائی، کیا جاناں میں کت ویاہی
ایہہ گل کیونکر چھپے چھپائی، ہن ہویا فضل کمال نی

ٹونے کامن کرے بتیرے، سحرے آئے وڈے وڈیرے
ہن گھر آیا جانی میرے، رہاں لکھ ورہے ایہدے نال نی

بلھا شوہ دی سیج پیاری، نی میں تارن ہارے تاری
کیویں کیویں ہن آئی واری، ہن وچھڑن ہویا محال نی

گھڑیال دیئو نکال نی
ہن پی گھر آیا لال نی

بابا -

پڑھ پڑھ عالم فاضل ہویا
کدے اپنے آپ نوں پڑھیا ای نئیں

جا جا وڑدا ایں مندر مسیتی
کدے من اپنے وچ وڑیا ای نئیں

ایویں روز شیطان نال لڑدا ایں
کدے نفس اپنے نال لڑیا ای نئیں

بلھے شاہ اسمانی اڈدیاں پھڑدا ایں
جیہڑا گھر بیٹھا اوہنوں پھڑیا ای نئیں

علموں بس کریں او یار
اکو الف تیرے درکار

بابا

بلھے شاہ زہر ویکھ کے پیتا تے کی پیتا
عشق سوچ کے کیتا تے کیہ کیتا
دل دے کے دل لین دی آس رکھی
وے بلھیا پیار ایہو جیہا کیتا تے کیہ کیتا

جب عشق سکھاتا ہے آداب میں خود آگاہی
کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی

عطار ہو رومی ہو رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

نومید نہ ہو ان سے اے رہبر فرزانہ
کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

دارا و سکندر سے وہ مرد فقیر اولیٰ
ہو جس کی فقیری میں بوئے اسد اللہی

آئین جواں مرداں حق گوئی و بیباکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

سرِ لامکاں سے طلب ہوئی
سوئے منتہیٰ وہ چلے نبی
کوئی حد ہے ان کے عروج کی
بلغ العلیٰ بکمالہ

یہی ابتدا یہی انتہا
یہ فروغ جلوہ حق تھا
کہ جہاں سارا چمک اٹھا
کشف الدجیٰ بجمالہ

رخِ مصطفیٰ کی یہ روشنی
یہ تجلیوں کی ہما ہمی
کہ ہر ایک چمک اٹھی
کشف الدجیٰ بجمالہ

وہ سراپا رحمت کبریا
کہ ہر اک پہ جن کا کرم ہوا
یہ قرآن پاک ہے برملا
حسنت جمیع خصالہ

یہ کمال خلق محمدی
کہ ہر اک پہ چشم کرم رہی
سرِ حشر نعرہ امتی
حسنت جمیع خصالہ

وہی لوح نگر وہی لوح عطا
رخ مصطفیٰ ہے وہ آئینہ
کہ خدائے پاک نے خود کہا
صلو علیہ وآلہ

مرا دین عنبر وارثی بخدا ہے عشق محمدی
مرا ذکر و فکر ہے بس یہی
صلو علیہ وآلہ

چشم مستے عجبے زلف درازے عجبے
مے پرستے عجبے فتنہ طرازے عجبے

بہر قتلم چوں کشد تیغ نہم سر بہ سجود
او بنازے عجبے من بہ نیازے عجبے

طاق ابروئے تو سجدہ سر من بہ سجود
چشم بد دور کہ ہستم بہ نمازے عجبے

وقت بسمل شدہ ام چشم بہ رویش باز است
مہربانے عجبے بندہ نوازے عجبے

بوالعجب حسن و جمال و خط و خال و گیسو
سرو قدے عجبے قامت نازے عجبے

ساقی نے جسے چاہا مستانہ بنا ڈالا
جس دل کی طرف تاکا پیمانہ بنا ڈالا

کب جوشش گریہ نے طوفان نہ اٹھا ڈالے
کب اشک کے قطرے کو دریا نہ بنا ڈالا

اک قیس کو لیلیٰ نے مجنوں بنا ڈالا
تم کو جسے چاہا دیوانہ بنا ڈالا

جب شیشۂ دل ٹوٹا ساقی کے تغافل سے
میخانہ میں یاروں نے پیمانہ بنا ڈالا

اس عشق نے لاکھوں کا پندارِ خرد توڑا
ہشیار جسے دیکھا دیوانہ بنا ڈالا

ناکامیٔ قسمت کی چھوٹی سی کہانی تھی
تم نے تو اسے بیدم افسانہ بنا ڈالا

دل برد از من دیروز شامے
فتنہ طرازے محشر خرامے
روئے مبینش صبح تجلی
لوح جبینش ماہ تمامے
مشکیں خط او سنبل بہ گلشن
لعلیں لب او بادہ بہ جامے
لیتی کہ کوثر یک قطرہ او
قدے کہ طوباش ادنیٰ غلامے
عارض چہ عارض، گیسو چہ گیسو
صبحے چہ صبحے شامے چہ شامے
آں تیغ ابرو واں تیر مژگاں
آمادہ ہر یک بر قتل عامے
برق نگاہش ہر جا بہ دامن
زلف سیاہش ہر دل بہ دامے
ہر غمزہ او رنگیں پیامے
از جسم لرزاں لرزاں دو عالم
وز زلف برہم برہم نظامے

گاہے بہ مستی طاؤس رقصاں
گاہے بشوخی آہو خرامے
از بار مینا لرزش بدستے
وز کیف صہبا لغزش بگامے
گفتم چہ جوئی ؟ ~~گفتم~~ گفتا دل و جان
گفتم چہ خواہی گفتا غلامے

مضطر خیرآبادی -

نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں نہ کسی کے دل کا قرار ہوں
کسی کام میں جو نہ آ سکے میں وہ ایک مشت غبار ہوں

نہ دوائے درد جگر ہوں میں نہ کسی کی میٹھی نظر ہوں میں
نہ ادھر ہوں میں نہ ادھر ہوں میں نہ شکیب ہوں نہ قرار ہوں

مرا وقت مجھ سے بچھڑ گیا مرا رنگ روپ بگڑ گیا
جو خزاں سے باغ اجڑ گیا میں اسی کی فصل بہار ہوں

پئے فاتحہ کوئی آئے کیوں کوئی چار پھول چڑھائے کیوں
کوئی آ کے شمع جلائے کیوں میں وہ بیکسی کا مزار ہوں

نہ میں لاگ ہوں نہ لگاؤ ہوں نہ سہاگ ہوں نہ سبھاؤ ہوں
جو بگڑ گیا وہ بناؤ ہوں جو نہیں رہا وہ سنگار ہوں

میں نہیں ہوں نغمۂ جاں فزا مجھے سن کے کوئی کرے گا کیا
میں بڑے بروگ کی ہوں صدا میں بڑے دکھی کی پکار ہوں

نہ میں مضطر ان کا حبیب ہوں نہ میں مضطر ان کا رقیب ہوں
جو بگڑ گیا وہ نصیب ہوں جو اجڑ گیا وہ دیار ہوں

شاد عظیم آبادی -

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
جو یاد نہ آئے بھول کے پھر اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم

میں حیرت و حسرت کا مارا خاموش کھڑا ہوں ساحل پر
دریائے محبت کہتا ہے آ کچھ بھی نہیں پایاب ہیں ہم

ہو جائے بکھیڑا پاک کہیں پاس اپنے بلا لیں بہتر ہے
اب درد جدائی سے ان کی اے آہ بہت بیتاب ہیں ہم

اے شوق برا اس وہم کا ہو مکتوب تمام اپنا نہ ہوا
واں چہرہ پہ ان کے خط نکلا یاں بھولے ہوئے القاب ہیں ہم

کس طرح تڑپتے جی بھر کر یاں ضعف نے مشکیں کس دی ہیں
ہو بند اور آتش پر ہو چڑھا سیماب بھی وہ سیماب ہیں ہم

اے شوق پتا کچھ تو ہی بتا اب تک یہ کرشمہ کچھ نہ کھلا
ہم میں ہے دل بے تاب نہاں یا آپ دل بے تاب ہیں ہم

لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں منزل پہ پہنچتے ہیں دو ایک
اے اہل زمانہ قدر کرو نایاب نہ ہوں کم یاب ہیں ہم

مرغان قفس کو پھولوں نے اے شاد یہ کہلا بھیجا ہے
آ جاؤ جو تم کو آنا ہو ایسے میں ابھی شاداب ہیں ہم